01/06/2026

12.30M(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں میانمار کے صدر

سے ملاقات کر رہے ہیں۔ ۔ بات چیت کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور تہذیبی تعلقات U Min Aung Hlaing کو مزید مستحکم کرنے پر غور کیا جائے گا۔

ں، بشمول سیکیورٹی اور رابطہ کاری، بات چیت میں زیر بحث آئیں ۓ میانمار اور بھارت کے درمیان تعلقات کے تمام پہلوو گے۔

پہنچے تھے۔ وہ بھارت کے پانچ روزہ دورے پر ہیں ۔ Gaya واضح رہے کہ میانمار کے صدر ہفتے کے روز بہار کے

پد یاترا

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت نشہ مکت ابھیان سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں انتظامیہ کی جانب سے آج ایک نشہ مخالف پد یاترا کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔ یہ تقریب بس سٹینڈ لارو میں منعقد ہوئی جہاں ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ہے ۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر مینسیاحت کو فروغ دینے، تجارت کو آسان بنانے اور اِقتصادی ترقی کو تیز کرنے کے لئے ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے کے عالمی معیار کا ہونا ضروری ہے۔ سرینگر میں بسوں کے نئے فلیٹ کی اِفتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اِس اَقدام سے جموں و کشمیر بھر volvo میں رابطے کو بڑھاوا ملنے کی امید ہے۔

بعد میں انہوننے شیر کشمیر پارک سرینگر میں منعقدہ ”رنگِ کشمیر“ نمائش کا دورہ کر کے وہاں صنعتی اِداروں، صنعت کاروں اور سول سوسائٹی سمیت تمام شراکت دارونپر زور دیاکہ وہ ایک مضبوط، خوشحال اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ جموں و کشمیر کی تعمیر کے لئے اجتماعی طور پر کام کریں۔

شجاعت

جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر شجاعت احمد قریشی نے کہا ہے کہفریضہ حج ادا کرنے کے بعد جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ دو جون منگلوار سے شروع ہورہا ہے ۔ اس سلسلے میں تمام انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔

کھیت بچاو ابھیان

ملک بھر میں آج سے کھیت بچاو ابھیان شروع کیا جا رہا ہے ۔ زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان ایک ماہ تک چلنے والے اس ابھیان کی شروعات مدھیہ پردیش سے کریں گے ۔ ابھیان کے دوران کھیتوں میں کھادوں کے استعمال اور کسانوں کو سائنسی مشوروں کے علاوہ موسمی تبدیلی سے متعلق بر وقت جانکاری دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی ۔

ادھر ناظم زراعت جموں انِل گپتا نے مہم کی تیاریوں کا جائزہ لینے اور مہم کو حتمی شکل دینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی

نوٹیفکیشن

راجیہ سبھا کے، دو سال میں ایک بار ہونے والے انتخابات کے تحت، دس ریاستوں کی 24 سیٹوں کے انتخابات کا نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

ان انتخابات کے لئے کاغذات نامزدگی آج سے 8جون تک داخل کئے جا سکتے ہیں جبکہ پولنگ اس ماہ کی 18تاریخ کو ہوگی اور گنتی اسی روز کی جائے گی۔

واضح رہے کہ سابق وزیر اعظم اور JDS کے رہنما ایچ ڈی دیوے گوڑا، مرکزی وزیر اور بی جے پی رہنما جے پی نڈا،راجیہ سبھا میں اپوزیشن رہنما اور کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے سمیت کئی اہم شخصیات کی راجیہ سبھا میں مدت ختم ہو رہی ہے۔

گاندر بل

سیکٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندر بل کی ہدایت پر تمباکو مخالف دن کے موقعے پر کل ضلع کے مختلف علاقوں میں الگ الگ مقامات پر گھر گھر جانکاری مہم چلائی گئی۔اس دوران لوگوں کو تمباکو کے مضر اثرات اورتمباکونوشی کے نقصانات سے آگاہ کیا گیا۔

اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے مٹن کا دورہ کر کے 17 مئی سے جاری اِدکتم ماس کمبھ میلے میں شرکت کر کے شرکائکے ساتھ ملاقات کی۔میلے میں ملک کے مختلف حصوں سے آنے والے کشمیری پنڈت شرکت کر رہے ہیں۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے انتظامات کا جائزہ لیا اورتمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ شردھالووں کے لئے تمام سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

BOPEE

جموں و کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس Examinations نے کل تعلیمی سیشن 2026-27 کے لیے بی۔فارمیسی اور ڈی- فارمیسی کورسز کے لیے کامن انٹرنس ٹیسٹ (CET) جموں اور سرینگر مراکز پر منعقد کیا۔یہ ٹیسٹ کشمیر ڈویژن میں یونیورسٹی آف کشمیر اور جموں ڈویژن میں گورنمنٹ کالج فار وومن گاندھی نگر جموں میں منعقد ہوا، جس میں جموں و کشمیر بھر سے 1684 امیدواروں نے شرکت کی۔

IPL

کرکٹ میں رائل چیلنجرز بنگلورو نے گجرات ٹائٹنز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے کر IPL 2026 کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا ہے۔

کل رات احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 155 رنز بنائے۔

جواب میں، رائل چیلنجرز بنگلورو نے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے 18 اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 161 رنز بنائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ